| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: جانور

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اپنے ارد گرد پانی اور خشکی کے جانوروں کے نام بتا سکیں۔
- پہچان سکیں کہ خشکی میں رہنے والے جانوروں کی خصوصیات ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ **فلیش کارڈز**

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''جانور'' نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ سے کہیں کہ آج وہ سبق ''جانور'' پڑھیں گے۔ طلبہ سے پوچھیں کہ وہ اپنے ارد گرد روزمرہ زندگی میں کون کون سے جانور دیکھتے ہیں۔ طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے جانوروں کے فوائد پر بات چیت کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ کچھ جانور زمین پر اور کچھ پانی میں رہتے ہیں اور کچھ ہوا میں اڑتے ہیں۔ **فلیش کارڈز** کی مدد سے طلبہ کو ان جانوروں کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو خشکی، پانی اور ہوا میں اڑنے والے جانوروں کی خصوصیات کے بارے میں بتائیں۔
- تختہ تحریر پر تین کالم بناتے ہوئے خشکی پر رہنے والے، پانی میں رہنے والے اور ہوا میں اڑنے والے جانوروں کی فہرست بنائیں۔
- انھیں بتائیں کہ کچھ جانور وہ بھی ہیں جو خشکی میں رہ سکتے ہیں اور پانی میں بھی
- طلبہ کو بتائیں کہ خشکی میں رہنے والے جانوروں کی کچھ ٹانگیں چار ہوتی ہیں جیسا کہ گھوڑا، ہاتھی، شیر اور اُونٹ وغیرہ اور کچھ جانور رینگنے والے ہوتے ہیں۔ سانپ، کینچوے وغیرہ۔

- پانی میں زیادہ تر مختلف قسم مچھلیاں پائی جاتی ہیں۔ جیسے ڈولفن، آکٹوپس، کیکڑے وغیرہ۔
- انھیں بتائیں جو جانور خشکی اور پانی دونوں میں رہتے ہیں وہ مینڈک، مگرمچھ، سانپ وغیرہ ہیں۔
- طلبہ کو جانوروں کی اہمیت کے بارے میں تفصیل سے بتائیں۔
- انھیں جانوروں کی خصوصیات کے بارے میں بتائیں کہ جانور ہمارے لیے کتنے فائدے مند ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اکثر | اَک۔ثَر | زیادہ تر |
| مختلف | مُخ۔تَ۔لف | علیحدہ/جُدا |
| رینگنا | رینگ۔نا | حشرالارض کا چلنا/آہستہ آہستہ چلنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کا خلاصہ پیش کریں اور طلبہ سے کہیں کہ سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے خشکی اور پانی میں رہنے والے جانوروں کے نام پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ خشکی اور پانی میں رہنے والے جانوروں کی تصاویر جمع کر کے لائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے چار ٹانگوں والے جانور کے نام پوچھیں۔

| اُستاد کا نام:____ | ہفتہ: 6 | تاریخ:______ | وقت: 40 منٹ |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |

سبق کا نام: جانور

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مختلف جانور اور ان کے بچوں کو پہچان سکیں۔
- اپنے ارد گرد موجود (پانی اور خشکی پر رہنے والے) جانوروں کی فہرست تیار کر سکیں۔
- پہچان سکیں کہ تمام جانوروں کے بچے ہوتے ہیں جو نشو و نما پا کر بڑے ہوتے ہیں۔
- پہچان سکیں کہ خشکی پہ رہنے والے جانوروں کے خد و خال پانی میں رہنے والے جانوروں سے مختلف ہوتے ہیں۔
- شناخت کر سکیں کہ کچھ جانوروں کے بچے بچپن میں اُن سے مشابہت نہیں رکھتے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "جانور" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

پانی میں رہنے والے جانوروں کے نام بتائیں۔

طلبہ سے کہیں کہ آج وہ سبق جانوروں کی پہچان پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 41 سے متن پڑھنے کو کہیں اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جانوروں کے بچے ہوتے ہیں جو نشو و نما پا کر بالغ ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھا کر جانور اور ان کے بچے دکھائیں۔
- طلبہ کو جانوروں کے بچوں کے نام بتائیں جیسے بلی اور بلونگڑا، گھوڑا اور بچھڑا وغیرہ۔
- انھیں پالتو جانور کے بارے میں بھی بتائیں آج کل کا ٹرینڈ بن گیا ہے ہر گھر میں پالتو جانور رکھنے کا۔

- طلبہ کو مزید بتائیں کینگرو اپنے بچے کو بڑا ہونے تک اپنے پیٹ میں لگی تھیلی میں رکھتا ہے۔
- انھیں بتائیں جب تک بلی کے بچے چلنے کے قابل نہ ہو جائیں وہ ان کو منہ میں دبا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے کر جاتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں جس طرح ہمارے والدین اپنے بچوں کا خیال رکھتے ہیں اُسی طرح جانور بھی اپنے بچوں کا بہت خیال کرتے ہیں۔ اپنے بچوں کو خوراک مہیا کرتے ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بلونگڑا | بَ۔لو۔نگ۔ڑا | بلی کا بچہ |
| مشَابہت | مُ۔شَا۔بَ۔ہت | تشبیہ / مطابقت |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کے سوال (ii) کا جواب سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

چارٹ پر اپنی پسند کے جانور اور اس کے بچے کی اچھی سی تصویر بنائیں اور جماعت میں آویزاں کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 6 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: جانور

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مختلف جانور اور ان کے بچوں کو پہچان سکیں۔
- اپنے ارد گرد موجود (پانی اور خشکی پر رہنے والے) جانوروں کی فہرست تیار کر سکیں۔
- پہچان سکیں کہ تمام جانوروں کے بچے ہوتے ہیں جو نشو و نما پا کر بڑے ہوتے ہیں۔
- پہچان سکیں کہ خشکی پہ رہنے والے جانوروں کے خدو خال پانی میں رہنے والے جانوروں سے مختلف ہوتے ہیں۔
- شناخت کر سکیں کہ کچھ جانوروں کے بچے بچپن میں اُن سے مشابہت نہیں رکھتے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق ''جانور'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں: وہ کونسے جانور ہیں جو اپنے بچوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔

کیا آپ نے کوئی پالتو جانور پال رکھا ہے اگر ہاں تو اس کا نام بتائیں۔

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ تمام جانوروں کے بچے ہوتے ہیں جو بڑے ہو کر اپنے والدین جیسے دکھائی دیتے ہیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 41 سے متن کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو جانوروں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور انھیں بتائیں کچھ جانوروں کے بچے اپنے والدین سے مشابہت رکھتے ہیں اور کچھ مشابہت نہ رکھنے والے ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو متن پڑھاتے ہوئے ان کے نام بتائیں۔ اور کتاب سے تصاویر بھی دکھائیں۔
- انھیں بتائیں کچھ جانوروں کے بچے پیدائش سے ہی اُن جیسے ہوتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں مینڈک اور اس کا بچہ آپس میں مشابہت نہیں رکھتے۔ لیکن بڑے ہوتے ہی وہ ایک مینڈک کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ مشابہت رکھنے والے جانوروں کی فہرست بنائیں اور اساتذہ اُن کو تختہ تحریر پر لکھیں۔
- کمرہ جماعت میں مختلف جانوروں کی تصویر لائیں اور طلبہ کو جانوروں کے بچوں کی پہچان کرائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں: جانور کس طرح اپنے بچوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں اپنے من پسند جانور کی تصویر بنائیں اور اُس میں رنگ بھریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق:** جانور |

**سوال نمبر 1: جانور اور اُن کی تصاویر کو آپس میں ملائیں۔**








